© rasailojaraid.com



# تبصرے

**تاریخ القرآن** از مولانا عبدالصمد صارم سیوہاروی۔ تقطیع کلاں۔ ضخامت صفحات ۲۳۸۔ کتابت وطباعت عمدہ قیمت دو روپیہ ملنے کا پتہ :۔ مکتبۂ علمیہ چار مینار حیدر آباد دکن - ومکتبہ برہان قرول باغ دہلی

لائق مصنف کے قلم سے اس وقت تک متعدد علمی اور ادبی کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ اب آپ نے قرآن مجید کی تاریخ پر یہ کتاب تصنیف کر کے اپنی تالیفات کی فہرست میں ایک اچھی کتاب کا اضافہ کیا ہے۔ اس میں پہلے وحی کا نزول، قرآن مجید کی کتابت، جمع، تلاوت، حفظ، سورتوں اور آیتوں کی ترتیب، کاتبین وحی، قرآن مجید کا رسم الخط، قرونِ ثلاثہ کے مشہور قرار اور علمارِ قرآن کے حالات وغیرہ کا بیان ہے، دوسرے باب میں مختلف مصاحف کا تذکرہ ہے۔ تیسرے باب میں قرآن مجید کے مصطلحات کا بیان ہے مثلاً کی سورتیں کون کونسی ہیں اور مدنی کونسی۔ اسی ذیل میں علوم قرآن۔ تفاسیر و تراجم قرآن۔ اور قرآن مجید کے الفاظ دخیلہ۔ اور بعض خاص خاص سورتوں کے فضائل کا تذکرہ ہے۔ چوتھے باب میں شروع اسلام سے لیکر مصنف کے عہد تک جو نامور علمار و مفسرین قرآن گذرے ہیں ان میں سے خاص خاص بزرگوں کے مختصر حالات و سوانح ہیں۔ پانچویں باب میں اسلام اور قرآن مجید کے متعلق غیر مسلم مشاہیر وارباب قلم کے اقوال درج کئے گئے ہیں غرض یہ ہے کہ پوری کتاب از اول تا آخر قرآن مجید اور متعلقاتِ قرآن سے متعلق مفید و کارآمد معلومات سے پُر اور اندازِ تحریر "ماقل ودلّ" کا مصداق ہے۔ امید ہے کہ مسلمان اربابِ ذوق اس کے مطالعہ سے بہرہ اندوز ہونگے۔

**جزیرۂ سخنوراں** از جناب غلام عباس صاحب سب اڈیٹر "آواز" نئی دہلی۔ تقطیع خورد ضخامت ۱۱۴ صفحات کتابت وطباعت اور کاغذ بہتر قیمت ایک روپیہ۔ ملنے کا پتہ :۔ کتاب خانہ ہزار داستان نئی دہلی۔

یہ کتاب کہنے کو بقامت کہتر سہی لیکن اس کے "بقیمت بہتر" ہونے میں شبہ نہیں اس کتاب کا بنیادی خیال



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اگرچہ مشہور فرانسیسی مصنف آندرے مورواکی ایک کتاب سے ماخوذ ہے۔ لیکن لائق مصنف نے اس میں قدیم اردو شاعری کے آخری دور پر ایسے لطیف طنز میں اپنے تاثرات قلمبند کئے ہیں کہ ایک مرتبہ کتاب کا مطالعہ شروع کردینے کے بعد اُسے ختم کئے بغیر بند کردینے کو جی نہیں چاہتا۔ اندازِ بیان شیریں دلچسپ اور فصاحت آمیز ہے۔ اردو کی پرانی بے مغز شاعری پر یہ طنز یہ تبصرہ اپنی نوعیت میں پہلی چیز ہے۔ اس طرح کی کتابیں اردو ادب کے ذخیرے میں نمایاں وقعت کی مستحق ہیں۔ البتہ اُفقی اور نوشابہ کے تعلق خاطر سے متعلق مصنف نے جو کچھ لکھا ہے وہ افسانوی کردار کی حیثیت سے نامکمل ہے۔ اُفقی دیوانہ ہوا تھا۔ تو اسکی دیوانگی کو بحدِ کمال پہنچنا چاہئے تھا۔

**تاریخ ادب اردو** مرتبہ ڈاکٹر سید محی الدین صاحب زورؔ تقطیع خورد ضخامت ۷۶ صفحات کتابت طباعت اور کاغذ معمولی قیمت ۸؍ پتہ:۔ ادارہ ادبیات اردو حیدرآباد دکن

ڈاکٹر زورؔ نے ادارہ ادبیات کی ایک اسکیم کے ماتحت ادب اردو کی ایک مبسوط و مفصل تاریخ مرتب کی ہے لیکن ابھی اس کے چھپنے میں دیر تھی اس لئے ادارہ کی فرمائش پر آپ نے اب یہ مختصر تاریخ ادب اردو، اردو زبان کے امتحانات اور اسکولوں اور کالجوں کے طلبہ کے لئے مرتب کی ہے۔ اس کتاب میں اردو زبان کی اجمالی تاریخ۔ اس کا عہد بعہد ارتقاء مشہور مصنفوں اور اداروں کے حالات اور ہر دور کی نثر و نظم کا تذکرہ مستند کتابوں اور معلومات کی روشنی میں کیا گیا ہے۔ یہ کتاب اس قابل ہے کہ مختلف مدارس اور کالجوں کے اردو نصاب میں شامل کی جائے۔

**نمودِ زندگی** مرتبہ سید علی منظور صاحب حیدرآبادی تقطیع خورد ضخامت ۲۰۷ صفحات کتابت و طباعت اور کاغذ متوسط قیمت ۱۲؍ پتہ:۔ ادارہ ادبیات اردو حیدرآباد دکن۔

سید علی منظور صاحب حیدرآباد دکن کے جدید پختہ مشق اور مشہور شاعر ہیں۔ یہ کتاب آپ کے ہی کلام کا مجموعہ ہے جس میں نظمیں، غزلیں، رباعیات اور قطعات سب ہی کچھ ہیں۔ منظور صاحب کے کلام کی خصوصیت سادگی و پرکاری ہے اس کے علاوہ تغزل کے جدید رجحانات آپ کی شاعری میں



© rasailojaraid.com